www.badaltazamana.com.pk

لاہور اسلام آباد کراچی پشاور کوئٹہ گوادر سکھر مظفر آباد گلگت ملتان سے عنقریب اشاعت کا آغاز

ABC CERTIFIED E.Mail:badaltazamanadaily@gmail.com

زمانے کی قسم (جس کی گردش انسانی حالات پر گواہ ہے) ○ القرآن

DAILY BADALTA ZAMANA MULTAN

چیف ایڈیٹر امتیاز احمد گھمن

روزنامہ بدلتا زمانہ ملتان

ایڈیٹر محمد اکمل وینس   منیجنگ ایڈیٹر میاں عبدالروف قریشی

جمعرات 18 محرم الحرام 1445ھ 25 جولائی 2024ء

وفاقی محتسب کا ادارہ ہر ممکن اقدامات بروئے کار لا رہا: محمود جاوید بھٹی

وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ملتان کے ریجنل ہیڈ کا وہاڑی کا دورہ، کھلی کچہری میں موصول ہونیوالی شکایات کی سماعت کی

میپکو، سوئی گیس، پی ٹی سی ایل و دیگر محکموں سے متعلقہ 70 سے زائد درخواستوں کی سماعت، جلد حل کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کردیئے گئے

ملتان (عوامی رپورٹر) وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ملتان کے ریجنل ہیڈ ملتان محمود جاوید بھٹی نے وہاڑی کا دورہ کیا اور ایڈیشنل کمشنر دفتر کے باہر کھلی کچہری میں مختلف وفاقی اداروں کے خلاف موصول ہونے والی شکایات کی سماعت کی، اس موقع پر شہریوں نے مختلف وفاقی اداروں کے خلاف شکایات جمع کروائیں، اس موقع پر محمود جاوید بھٹی نے وفاقی محتسب کے ادارے کی افادیت و اہمیت کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاق کے زیر انتظام سرکاری محکموں بارے عوامی شکایات اور مسائل کے جلد حل کے لیے وفاقی محتسب کا ادارہ ہر ممکن اقدامات بروئے کار لا رہا ہے۔ جہاں کسی وکیل کے بغیر بلا تاخیر، بلا تفریق، بلا تعطل سائلین کے مسائل حل کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب عوامی شکایات کے حل کیلئے سب سے آگے ہے، جہاں شہری کسی بھی وفاقی محکمے کے خلاف سادہ کاغذ پر درخواست یا 1055 پر ایس ایم ایس یا واٹس ایپ، انسٹا گرام یا ای میل کے ذریعے اپنی شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ شکایت کنندہ کو درخواست کی سماعت کے حوالے سے ایس ایم ایس بھیجا جاتا ہے اور 60 دن کے اندر شکایت کو حل کر دیا جاتا ہے۔ مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے اس موقع پر متعدد وفاقی اداروں جن میں میپکو، سوئی گیس اور پی ٹی سی ایل اور دیگر محکموں سے متعلقہ 70 سے زائد شکایات کی سماعت کی اور ان کی جلد حل کے لیے موقع پر ہی احکامات صادر کئے۔



ملتان: وفاقی محتسب ریجنل ہیڈ ملتان محمود جاوید بھٹی مختلف اداروں کیخلاف شکایات کی سماعت کر رہے ہیں